سلام محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چہل میم غیر منقوط ۱۴

’محمد عزیز سلطان ناچیز‘

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سلام محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چہل میم غیر منقوط ۱۴

۷۸۶/۹۲

نقش تحفۂ روحانی وحل المشکلات

مَعَ اسْمِ اللهِ الْمَلِكِ السَّلٰمِ

م ح م د صلی اللہ علیہ وسلم
ح م د م صلی اللہ علیہ وسلم
م د م ح صلی اللہ علیہ وسلم
د م ح م صلی اللہ علیہ وسلم

اس نقش کو دیکھنے والے کی
ہر مشکل حل ہوگی انشاءاللہ

مرتب

بموقع ربیع ثانی ۱۴۳۸ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین
وحضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم

محمد عزیز سلطان ناچیز

سلام محمدی صلی اللہ علیہ وسلم چہل میم غیر منقوط (١٤)

مَعَ اسۡمِ اللهِ الۡمَلِكِ السَّلٰمِ ○ اَللّٰهُمَّ
الۡاَحَدُ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللهُ صَلِّ وَسَلِّمۡ مَا صَلّٰى
وَسَلَّمَ اللهُ وَمَلٰٓئِكَةُ وَ كُلُّ الۡمُسۡلِمِ وَمُحِيُ
الۡاِسۡلَامِ ○ وَمَا سُطِرَ عَلَى اللَّوۡحِ مُكَرَّرًا
كُلَّ الۡحَالِ عَلٰى مَوۡلَائِيۡ اَصۡلِ اِسۡلَامِكَ
وَدَارِ السَّلَامِ وَمُوۡصِلِ حُكۡمِكَ ○ وَ مُعۡطِيِ
كَمَالِ اَسۡرَارِكَ وَهُوَ مَسۡرُوۡرُ اللهِ مُحَمَّدٌ
رَّسُوۡلُ اللهِ ○ وَصَارَ وَالِدُهٗ اَكۡمَلَ الۡوَالِدِ
وَاُمُّهٗ اَكۡمَلَ الۡاُمِّ وَاٰلُهٗ اَكۡمَلَ الۡاٰلِ وَعَلٰى
وَالِدِهٖ وَاُمِّهٖ وَاٰلِهٖ وَالۡمَوۡلٰى عَلِيٍّ وَّوَلَدَىۡ عَلِيٍّ
وَّاُمِّهِمَا ○ وَمُحِيِ الۡاِسۡلَامِ وَاٰلِهٖ وَوَالِيۡ

الْاِسْلَامِ وَاٰلِهٖ وَاَحْمَدَ وَلِيِّ اللّٰهِ وَحَوَارِيِّ وَلِيِّ اللّٰهِ وَاٰلِهٖ وَكُلِّ اُمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ عَطَاءِ اللّٰهِ ○

مراد

اللہ کے اسم کے سہارے کہ وہی مالک وسلامی والا ہے اے ہمارے واحد اللہ، واحد اللہ ہی الٰہ ہے، درود وسلام کہ اللہ اور اس کے ملائکہ وارد کئے اور سارے مسلم وارد کئے اور محی الاسلام وارد کئے اور وہ کہ مسطور علی اللوح ہے وہی درود وسلام مکرر ہر دم وارد ہو ہمارے مولیٰ اسلام کی اصل کے لئے اور دارالسلام کی اصل کے لئے اور حکم الٰہی کے موصل کے لئے ہو اور کمال اسرار الٰہی کے معطی کے لئے ہو اور وہ اللہ کا مسرور محمد ﷺ اللہ کا رسول ہے اور اس رسول کے والد کمال والے ہوئے سارے والد سے اور ماں ساری ماؤں سے اور آل واولاد سارے آل واولاد سے اور (درود وسلام) اس رسول کے والد کے لئے ہو اور ماں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لاڈلوں کے لئے ہو اور مولیٰ علی کے لاڈلوں کی والدہ کے لئے ہو، اسلام

کے محیِ کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اسلام کے مددگار کے لئے
ہو اور آل کے لئے ہو اور احمد ولی اللہ کے لئے ہو اور ولی اللہ کے
ہم دموں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اللہ کے رسول کی ساری
امم کے لئے ہو ہر دم مع عدد عطائے الٰہی کے۔

توضیحی ترجمہ

اللہ کے اسم کے ساتھ جو مالک ہے سلامتی والا ہے اے
ہمارے یکتا اللہ، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو درود وسلام اللہ نے
بھیجا اور اس کے فرشتوں نے بھیجا اور تمام مسلمانوں نے بھیجا اور جو
درود وسلام دین کے زندہ کرنے والے محی الدین سیدنا شیخ
عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے بھیجا اور وہ درود وسلام جو لوح
محفوظ میں لکھا ہوا ہے وہی درود وسلام دوبارہ ہر دم تو نازل فرما
ہمارے مولیٰ تیرے اسلام کی جان پر اور جنت کی جان پر اور
تیرے حکم کے پہونچانے والے پر اور تیرے مکمل رازوں کے عطا
کرنے والے پر اور وہ اللہ کی خوشنودی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول
ہیں کہ جن کے والد (سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ) تمام والد میں
سب سے زیادہ کمال والے ہیں اور جن کی ماں (بی بی آمنہ رضی

اللہ عنہا) تمام ماؤں میں سب سے زیادہ کمال والی ہیں اور جن
کی آل واولاد تمام آل واولاد میں سب سے زیادہ کمال والے ہیں
اور (درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والد پر اور آپ ﷺ
کی والدہ پر اور آل پر، حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پر اور مولیٰ علی
کے دونوں لاڈلوں امام حسن وامام حسین علیہما السلام پر اور حسنین
کریمین کی والدہ خاتون جنت سیدہ بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا
پر اور دین کے زندہ کرنے والے محی الدین سیدنا شیخ عبدالقادر
جیلانی رضی اللہ عنہ پر آپ کی آل پر اور دین کے مددگار خواجہ معین
الدین حسن سنجری پر آپ کی آل پر اور حضرت مخدوم سید احمد ولی
اللہ پر، آپ کے اصحاب روحانی پر اور آل پر اور اللہ کے رسول کے
سارے امتیوں پر ہر دم عطائے الٰہی کی تعداد کے مطابق۔

فضیلت سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط ۱۴

یہ ”سلام محمدی ﷺ چہل میم“ جو کہ چالیس میم کے ساتھ بغیر نقطے
والے حروف پر مشتمل ہے اس کا ترجمہ بھی غیر منقوط ہے جس کو سمجھنے کے لئے
توضیحی ترجمہ شامل ہے جو شخص اس درود کو روزانہ ۵/۱۱/۱۰۰/ بار پڑھنے کا
اپنا معمول بنائے گا اسے اللہ ورسول کی خوشنودی حاصل ہوگی اسے جملہ
اولیائے کرام کا فیض ملے گا اور وہ نور ایمان واسلام اور احسان سے
مستفیض ہوگا اور ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

آستانہ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد

www.syed14peer.com